**ایم کیوایم نے ماضی میں بھی بڑی بڑی آزمائشوں کا سامنا کیا ہے اور وہ اب بھی ہر قسم کی آزمائش کا سامنا کرنے کیلئے تیار ہے۔ الطاف حسین**

**الطاف حسین اور اسکے ساتھی اللہ تعالیٰ کے علاوہ کسی سے نہیں ڈرتے، ہم ہر طرح کی قربانی دیدیں گے لیکن اپنے اصولوں اور نظریہ کا سودا نہیں کریں گے**

**مخالفین چاہے کیسی ہی سازشیں کریں یا طاقت کا استعمال کریں، شکست ان کا مقدر ہوگی اور فتح ایم کیوایم کی ہوگی**

**ایم کیوایم آج صرف اردو بولنے والوں کی جماعت نہیں بلکہ اس میں تمام قومیتوں اور مذہبی اقلیتوں کے عوام شامل ہیں**

**اور ایک خاندان کی طرح متحد ہوکر غریب ومتوسط طبقہ کے حقوق کی جدوجہد کررہے ہیں اب کوئی بھی منفی پروپیگنڈہ ملک کے غریب ومتوسط طبقہ کے عوام کو**

**ایم کیوایم سے متنفر نہیں کرسکتا، نائن زیرو پر رابطہ کمیٹی، ارکان اسمبلی اور تحریک کے مختلف ونگز اور شعبہ جات کے ارکان کے اجلاس سے خطاب**

کراچی ۔۔۔۔ 3 جنوری 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ ایم کیوایم نے ماضی میں بھی بڑی بڑی آزمائشوں اور امتحانات کا سامنا کیا ہے اور وہ اب بھی ہر قسم کی آزمائش کا سامنا کرنے کیلئے تیار ہے، ہم حالات سے گھبرانے والے نہیں ہیں۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار آج ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو پر رابطہ کمیٹی، ارکان اسمبلی اور تحریک کے مختلف ونگز اور شعبہ جات کے ارکان کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ قوموں کی زندگی میں آزمائش اور امتحانات کے لمحات آتے ہیں لیکن جب قوموں کے افراد ملک کی بقاء، سلامتی اور غیرت وحمیت کیلئے اپنے ذاتی اور خاندانی مفادات، اپنی خواہشات، امنگوں اور انا کی قربانی دیتے ہیں اور ثابت قدم رہتے ہیں تو وہاں ملکوں اور قوموں کی بقاء شروع ہوتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے 32 سالہ تحریکی جدوجہد کے دوران کئی بار کڑی آزمائشوں اور دشواریوں کا سامنا کیا حتیٰ کہ آگ اور خون کے دریا عبور کئے لیکن آگ پر چلتے ہوئے بھی اپنے حق پرستانہ سفر کو جاری رکھا اور انہی قربانیوں کی بدولت تحریک زندہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج بھی ایم کیوایم پر ابتلاء اور آزمائش کا وقت ہے، جن کے حوصلے کمزور ہوتے ہیں وہ آزمائشوں اور کٹھن حالات میں ساتھ چھوڑ جاتے ہیں مگر مجھے اپنے پرعزم، باحوصلہ اور بہادر ساتھیوں پر پورا یقین ہے کہ وہ بزدلوں کی طرح نہیں بلکہ بہادروں کی ہر قسم کے حالات کا مقابلہ کریں گے اور جس طرح انہوں نے ماضی میں غیر معمولی اور مثالی عزم وحوصلے کا مظاہرہ کیا وہ اب بھی اسی عزم وحوصلے کا مظاہرہ کریں گے، انہوں نے نہ ماضی میں مجھے مایوس کیا ہے نہ وہ آئندہ مجھے مایوس کریں گے۔ انہوں نے واضح اور دوٹوک الفاظ میں کہا کہ ہم کل بھی آزمائشوں سے گزرے تھے، آج بھی ہر قسم کی آزمائش سے گزرنے کیلئے تیار ہیں، الطاف حسین اور اسکے ساتھی اللہ تعالیٰ کے علاوہ کسی سے نہیں ڈرتے، ہم ہر طرح کی قربانی دیدیں گے لیکن اپنے اصولوں اور نظریہ کا سودا نہیں کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ تمام طاقتور عناصر، ظالم جاگیردار، وڈیرے، سرمایہ دار ایم کیوایم کے خلاف چاہے کیسی ہی سازشیں کرلیں یا طاقت کا استعمال کریں، انشاء اللہ شکست ان کا مقدر ہوگی اور فتح ایم کیوایم کی ہوگی اور جو ایم کیوایم سے ٹکرائے گا وہ پاش پاش ہوجائے گا۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ ایم کیوایم آج صرف اردو بولنے والوں کی جماعت نہیں بلکہ آج اس میں سندھی، بلوچ، پنجابی، پختون، سرائیکی، کشمیری، گلگتی ، بلتستانی اور ہر زبان بولنے والے اور تمام مذہبی اقلیتوں کے عوام شامل ہیں، کل تک وہ الگ الگ تھے لیکن اب الطاف حسین نے ان میں ایسا روحانی تعلق قائم کردیا ہے ایم کیوایم میں شامل ہر زبان، ہر قومیت، ہر فقہ اور ہر مذہب سے تعلق رکھنے والے افراد ایک خاندان کی شکل اختیار کرچکے ہیں اور وہ سب ایک خاندان کی طرح متحد ہوکر غریب ومتوسط طبقہ کے حقوق کی جدوجہد کررہے ہیں اور انشاء اللہ انہیں آپس میں کوئی نہیں لڑاسکتا۔ انہوں نے کہا کہ عوام میں غریب ومتوسط طبقہ کے انقلاب کا شعور تیزی سے بیدار ہورہا ہے تو ملک کے بڑے بڑے جاگیردار، وڈیرے، سرمایہ دار، اربوں کھربوں کے قرضے لیکر قومی خزانہ لوٹنے والے چور اچکے عناصر ایک مرتبہ پھر عوام میں ایم کیوایم کے خلاف منفی پروپیگنڈے کررہے ہیں مگر اب کوئی بھی منفی پروپیگنڈہ ملک کے غریب ومتوسط طبقہ کے عوام کو ایم کیوایم سے متنفر نہیں کرسکتا۔ اس موقع پر رابطہ کمیٹی اور تمام ونگز اور شعبہ جات کے ارکان نے اپنے اس عزم کا اظہار کیا کہ چاہے کیسے ہی حالات ہوں، چاہے کیسی ہی آزمائشوں کا سامنا کیوں نہ پڑے وہ کسی بھی قیمت پر سر نہیں جھکائیں گے اور ہمت وحوصلے سے اپنی جدوجہد جاری رکھیں گے۔

## چوہدری شجاعت حسین سے الطاف حسین کا ٹیلی فون پر رابطہ

## پاکستان کے کچلے ہوئے عوام ہر قومی جماعت اور قومی رہنماء سے جراتمندانہ فیصلے کی امید کررہے ہیں، الطاف حسین

## مسلم لیگ (ق) کسی بھی مشکل گھڑی میں قوم کو تنہا نہیں چھوڑے گی، چوہدری شجاعت حسین

لندن۔۔۔3، جنوری 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے مسلم لیگ (ق) کے رہنماء چوہدری شجاعت حسین سے ٹیلی فون پر تفصیلی گفتگو کی۔ گفتگو کے دوران جناب الطاف حسین نے کہا کہ آج ملک بھر کے عوام مہنگائی کے بوجھ تلے بری طرح پس رہے ہیں اور اس وقت 18 کروڑ کچلے ہوئے عوام ہر قومی جماعت اور قومی رہنماء سے یہ امید کررہے ہیں کہ وہ انہیں انگنت مشکلات، مسائل اور ہوش ربا مہنگائی سے نجات دلانے کیلئے جراتمندانہ موٴقف اختیار کریں اور عوام کی خواہشات کے مطابق فیصلے کریں۔ چوہدری شجاعت حسین نے جناب الطاف حسین کی بات سے مکمل اتفاق کرتے ہوئے انہیں یقین دلایا کہ مسلم لیگ (ق) پاکستان کے کچلے ہوئے عوام کے ساتھ ہے اور کسی بھی مشکل گھڑی میں قوم کو تنہا نہیں چھوڑے گی۔

## عوامی مسلم لیگ کے سربراہ شیخ رشید احمد سے الطاف حسین کا ٹیلی فون پر رابطہ

## پاکستان کو بچانا صرف سیاسی رہنماؤں کی نہیں بلکہ یہ قوم کی بھی ذمہ داری ہے، الطاف حسین

## جو جماعت، حکومت کے غلط اقدامات کے باوجود اسے سہارا دے گی وہ بے سہارا ہوجائے گی، شیخ رشید احمد

لندن۔۔۔3، جنوری 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے عوامی مسلم لیگ کے سربراہ شیخ رشید احمد سے ٹیلی فون پر رابطہ کرکے ملک کی موجودہ سیاسی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔ شیخ رشید احمد نے ایم کیوایم کی جانب سے سینیٹ اور قومی اسمبلی اپوزیشن میں بیٹھنے کے فیصلہ کا پرجوش خیرمقدم کرتے ہوئے اسے تاریخی فیصلہ قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ حکومت کے عوام دشمن اقدامات سے غریب عوام کی زندگی اجیرن بن چکی ہے اور عوام دشمن اقدامات محبّ وطن سیاسی و مذہبی رہنماؤں کیلئے ناقابل برداشت ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جو سیاسی جماعت حکومت کے غلط اقدامات کے باوجود اسے سہارا دے گی وہ بے سہارا ہوجائے گی۔ ایم کیوایم نے بروقت درست فیصلہ کرکے قوم کی ترجمانی کی ہے جس پر میں آپ اور آپ کی جماعت کو مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ جناب الطاف حسین نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ جو عناصر سرکاری بنکوں سے اربوں کھربوں روپے کے قرضے لیکر اور قرضے معاف کرا کر قومی خزانہ لوٹ چکے ہیں وہ آج بھی معزز بنے بیٹھے ہیں۔ وقت کا تقاضا ہے کہ عوام کی جانب سے قومی دولت لوٹنے والوں کا احتساب کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کو بچانا صرف سیاسی رہنماؤں کی ذمہ داری نہیں ہے بلکہ یہ قوم کی بھی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان انتہائی نازک دور سے گزر رہا ہے اور اس وقت جو سیاسی و مذہبی جماعت ملک کو بحران سے نکالنے کی ذمہ داری پوری نہیں کرتی اسے قوم پہچان لے کہ وہ پاکستان کی بقاء و سلامتی، غیرت و حمیت اور خودمختاری کے بجائے ذاتی اور خاندانی مفادات کی سیاست کررہے ہیں اور ملک میں موروثی سیاست کو قائم رکھنا چاہتے ہیں۔ دونوں رہنماؤں کے درمیان باہمی دلچسپی کے دیگر امور پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔

## ایم کیوایم ناظم آباد گلبہار سیکٹر کے جوائنٹ سیکٹر انچارج عادل اختر جعفری کی شہادت پر الطاف حسین کا اظہارِ افسوس

لندن۔۔۔3، جنوری 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم ناظم آباد گلبہار سیکٹر کے جوائنٹ سیکٹر انچارج عادل اختر جعفری کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے شہید کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہید کو اپنی جوارِ رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا فرمائے۔ (آمین)

## ایم کیوایم ناظم آباد گلبہار سیکٹر کے جوائنٹ سیکٹر انچارج عادل اختر کے قتل کا فوری نوٹس لیا جائے ، رابطہ کمیٹی
## واقعہ میں ملوث دہشت گرد عناصر کو گرفتار کرکے انہیں قرار واقعہ سزا دی جائے

کراچی۔۔۔3 جنوری 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے نامعلوم مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ سے ایم کیوایم ناظم آباد گلبہار سیکٹر کے جوائنٹ سیکٹر انچارج عادل اختر جعفری کی شہادت پر شدید الفاظ میں مذمت کا اظہار کیا ہے اور اس واقعہ کو کھلی دہشت گردی قرار دیا ہے ۔ ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا ہے کہ پیر کی شام عادل اختر جعفری اپنی رہائش گاہ سے سیکٹر آفس جا رہے تھے جنہیں گھات لگائے مسلح دہشت گردوں نے سر پر گولیاں مار کر شہید کر دیا ۔ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ایسا لگتا ہے دہشت گردوں کو ایم کیوایم کے کارکنان کے قتل کرنے کا کھلا لائسنس دے دیا ہے اور عادل اختر کی شہادت بھی اس سازش کا شاخسانہ ہیں ۔ انہوں نے کہا کہ یہ واقعہ شہر کا امن خراب کرنے کی سازش ہے اور ایک جامع منصوبہ بندی کے تحت دہشت گرد عناصر شہر کا امن خراب کرنے کیلئے سرگرداں ہوگئے اور ایم کیوایم کے کارکنان کو ٹارگٹ کلنگ کا نشانہ بنا رہے ہیں جس کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے ۔ رابطہ کمیٹی نے وزیر اعلیٰ سندھ قائم علی شاہ اور صوبائی وزیر داخلہ سندھ ذوالفقار مرزا سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ عادل اختر کے قتل کے واقعہ کا فوری نوٹس لیا جائے اور واقعہ میں ملوث دہشت گرد عناصر کو گرفتار کرکے انہیں قرار واقعہ سزا دی جائے ۔ دریں اثناء عادل اختر جعفری کی شہادت کی اطلاع ملتے ہی ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان توصیف خانزادہ، واسع جلیل حق پرست صوبائی وزیر شیخ افضل، ارکان سندھ اسمبلی ریحان ظفر، انور عالم اور کراچی تنظیمی کمیٹی کے انچارج حماد صدیقی و دیگر اراکین ایم کیوایم ناظم آباد گلبہار سیکٹر و یونٹ کمیٹیوں کے ذمہ داران و کارکنان اسپتال پہنچ گئے ۔ انہوں نے عادل اختر جعفری کی شہادت پر ان کے سوگواران سے دلی تعزیت کی اور شہید کی مغفرت کیلئے دعا بھی کی ۔

## ڈاکوؤں کی فائرنگ سے ایم کیوایم قمبر شہداد کوٹ زون یونٹ میرو خان کی یونٹ کمیٹی کے رکن حبیب اللہ دایو کی شہادت
## اور یونٹ انچارج منظور حسین لغاری کے شدید زخمی ہونے پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔3، جنوری 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ڈاکوؤں کی فائرنگ سے ایم کیوایم قمبر شہداد کوٹ زون یونٹ میرو خان کی یونٹ کمیٹی کے رکن حبیب اللہ دایو کی شہادت اور یونٹ انچارج منظور حسین لغاری کے شدید زخمی ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے ۔ ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے حبیب اللہ دایو شہید کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں ۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہید کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے ۔ جناب الطاف حسین نے ڈاکوؤں کی فائرنگ سے زخمی ہونے والے ایم کیوایم یونٹ میرو خان کے یونٹ انچارج منظور حسین لغاری کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے دعا بھی کی ۔

## ایم کیوایم قمبر شہداد کوٹ کے کارکن حبیب اللہ دایو کو سپرد خاک کر دیا گیا

کراچی:۔۔۔3 جنوری 2011ء

ایم کیوایم قمبر شہداد کوٹ زون یونٹ میرو خان کی یونٹ کمیٹی کے رکن حبیب اللہ دایو کو سینکڑوں آہوں سسکیوں کے درمیان قمبر شہداد کوٹ کے، مقامی قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا ۔ شہید کی نماز جنازہ پیر کے روز بعد نمازِ ظہر ادا کی گئی ۔ جس میں ایم کیوایم قمبر شہدادِکوٹ زون کے زونل انچارج عبداللہ بلیدی، کمیٹی کے دیگر اراکین سمیت سیکٹر و ذیلی یونٹوں کے ذمہ داران و کارکنان سمیت شہید کے سوگوار لواحقین، ہمدرد عوام نے شرکت کی ۔

## ڈاکوؤں کی فائرنگ سے ایم کیوایم قمبر شہدادکوٹ زون یونٹ میروخان کی یونٹ کمیٹی کے رکن حبیب اللہ دایو شہید اور یونٹ انچارج منظور حسین لغاری شدید زخمی ہوگئے۔ڈکیتی کی واردات میں ملوث ملزمان کو فی الفور گرفتار کرکے قرار واقعی سزا دی جائے، رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔3،جنوری2011ء

ڈاکوؤں کی فائرنگ سے ایم کیوایم قمبر شہدادکوٹ زون یونٹ میروخان کی یونٹ کمیٹی کے رکن حبیب اللہ دایو شہید ہوگئے جبکہ یونٹ میروخان کے یونٹ انچارج منظور حسین لغاری لاڑکانہ کے اسپتال میں انتہائی نگہداشت کے وارڈ میں زیر علاج ہیں۔تفصیلات کے مطابق منظور حسین لغاری اور حبیب اللہ دایو تو ڈیرو لاڑکانہ سے واپس آرہے تھے کہ راستہ میں ڈاکوؤں نے انہیں اندھا دھند فائرنگ کا نشانہ بنایا جس کے باعث دونوں شدید زخمی ہوگئے، انہیں فوری طور پر اسپتال پہنچایا گیا تاہم حبیب اللہ دایو اسپتال میں زخموں کی تاب نہ ہوتے ہوئے شہید ہوگئے۔دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم قمبر شہدادکوٹ زون یونٹ میروخان کی یونٹ کمیٹی کے رکن حبیب اللہ دایو کی اور یونٹ انچارج منظور حسین لغاری پر ڈاکوؤں کی فائرنگ کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور فائرنگ کے نتیجے میں یونٹ کمیٹی کے رکن حبیب اللہ دایو کی شہادت اور یونٹ انچارج منظور حسین لغاری کے زخمی ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ اندرون سندھ میں ڈکیتیوں کی بڑھتی ہوئی وارداتوں کے باعث لوگوں کی قیمتی جانیں ضائع ہورہی ہے اور پولیس وانتظامیہ کی جانب سے ڈاکوؤں کی سرکوبی کیلئے ٹھوس اقدامات نہیں کئے جارہے ہیں۔رابطہ کمیٹی نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی، وفاقی وزیرداخلہ رحمان ملک اور وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ ایم کیوایم قمبر شہدادکوٹ زون یونٹ میرپورخان کی یونٹ کمیٹی کے رکن حبیب اللہ دایو کی ڈاکوؤں کی فائرنگ سے شہادت اور یونٹ انچارج منظور حسین لغاری کے زخمی ہونے کا سختی سے نوٹس لیا جائے اور اس میں ملوث ملزمان کو فی الفور گرفتار کرکے قرار واقعی سزا دی جائے۔رابطہ کمیٹی نے حبیب اللہ دایو شہید کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور فائرنگ سے زخمی ہونے والے ایم کیوایم میروخان یونٹ کے یونٹ انچارج منظور حسین لغاری کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے دعا بھی کی۔

## حق پرست سینیٹرز نے سینیٹ میں اپوزیشن سیٹیں مختص کرنے کیلئے درخواست جمع کرادی

## سینیٹ کے اجلاس میں پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ اور ملک بھر میں بجلی کی لوڈشیڈنگ پر تحاریک التواء بھی جمع کرائی گئیں

اسلام آباد۔۔۔3،جنوری2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست اراکین سینیٹ نے پیر کی صبح سینیٹ میں اپوزیشن سیٹیں مختص کرنے کی درخواست جمع کرادی ہے۔یہ درخواست حق پرست سینیٹر کرنل (ر) طاہر مشہدی نے رول نمبر 8 کے تحت جمع کرائی۔سینیٹ کے اجلاس میں حق پرست سینیٹرز نے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے اور ملک بھر بالخصوص کراچی میں بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ پر رول نمبر 75 کے تحت تحاریک التواء بھی جمع کرادی ہیں۔تحاریک التواء کو حق پرست سینیٹرز بابر غوری، طاہر مشہدی، حامد علی، عبدالخالق پیرزادہ، عبدالحسیب خان اور محترمہ نسرین ملک نے مشترکہ طور پر اپنے دستخطوں کے ساتھ جمع کرایا۔پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ کے خلاف تحریک التواء میں مطالبہ کیا گیا ہے کہ اسے فی الفور واپس لیا جائے، پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ ناقابل برداشت ہیں اور غریب عوام اس کے متحمل نہیں ہوسکتے جبکہ کراچی سمیت ملک بھر میں بجلی کی لوڈشیڈنگ پر جمع کرائی گئی تحریک التواء میں حق پرست سینیٹرز نے بجلی کا بحران فی الفور ختم کرنے کا مطالبہ کیا ہے اور کہا ہے کہ بجلی کی لوڈشیڈنگ سے ملک بھر کے عوام عذاب میں مبتلا ہے اور سڑکوں پر آکر جلاؤ گھیراؤ کرنے پر مجبور ہیں جس سے امن وعامہ کی صورتحال بھی داؤ پر لگی ہوئی ہے، بجلی ترسیل کے ذمہ دار اداروں کی جانب سے وقتاً فوقتاً بجلی کے نرخ بڑھادیئے جاتے ہیں، مختلف علاقوں میں بجلی بند کردی جاتی ہے اور صارفین کو بجلی کے بل بھی Arrears بڑھا کر دیئے جارہے ہیں جو کہ سراسر ناانصافی ہے اور غریب عوام پر ظلم کے مترادف ہے۔

## ایم کیوایم اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کی رکن اور ایم کیوایم میڈیکل ایڈ کمیٹی کے جوائنٹ انچارج کی والدہ محترمہ کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔3،جنوری2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کی رکن محترمہ زاہدہ کی والدہ محترمہ قمرالنساء اور ایم کیوایم میڈیکل ایڈ کمیٹی کے جوائنٹ انچارج منور حسین کی والدہ محترمہ حدیثاً بیگم کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحومین کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی نے متحدہ آرگنائزنگ کمیٹی کراچی کی تنظیم نو کردی، انچارج سمیت 15 رکنی کمیٹی کا اعلان

## ایم کیوایم ملک بھر کے پڑھے لکھے، غریب ومتوسط طبقے کے ہاتھوں میں ملک وقوم کی تقدیر دینا چاہتی ہے،

## وسیم آفتاب، توصیف خانزادہ، گلفراز خان کا لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد میں جنرل ورکرز اجلاس سے خطاب

کراچی۔۔۔3، جنوری 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے متحدہ آرگنائزنگ کمیٹی کراچی کی تنظیم نو کردی ہے اوراس سلسلے میں متحدہ آرگنائزنگ کمیٹی کراچی کے انچارج سمیت 15 رکنی کمیٹی کا اعلان کردیا ہے ۔ یہ اعلان ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن وسیم آفتاب نے گزشتہ روز لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد میں منعقدہ متحدہ آرگنائزنگ کمیٹی کراچی کے جنرل ورکرز اجلاس میں کیا۔ اجلاس سے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان توصیف خانزادہ اورگلفراز خان خٹک نے بھی خطاب کیا۔ جنرل ورکرز اجلاس میں کراچی کے علاقوں سے تعلق رکھنے والے ہزاروں کی تعداد میں کارکنان بہت بڑی تعداد میں شرکت کی پنجابی ، پختون ، ہزارے وال اور سرائیکی سے تعلق رکھنے والے بزرگ کارکنان کی تعداد بھی نمایاں تھی ۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے رابطہ کمیٹی کے اراکین نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین جس فکر، مقصد، مشن اور نظریئے کو فروغ دے رہے ہیں اسی کو اپنا کر ہی ملک بھر کے 98 فیصد غریب ومظلوم عوام کو ان کے بنیادی حقوق میسر آسکتے ہیں ۔ رابطہ کمیٹی کے اراکین نے کہا کہ ایم کیوایم کی حق پرستانہ جدوجہد گواہ ہے کہ اس نے سیاست میں رہ کر ملک بھر کے غریب ، مظلوم اور محروم عوام کے حقوق کا ہمیشہ تحفظ کیا ہے اورعوامی خواہشات اور امنگوں کے خلاف فیصلوں کی حکومت میں رہتے ہوئے بھی جراتمندانہ مئوقف اختیار کرکے کھل کر مخالفت کرتی رہی ہے اورعوام کی صحیح ترجمانی کا حق ادا کرتی رہی ہے ۔ رابطہ کمیٹی کے اراکین نے کہا کہ اقتدار کبھی بھی ایم کیوایم کی منزل نہیں رہا بلکہ ایم کیوایم ملک سے کرپشن ، چور بازاری ، لوٹ مار اور فرسودہ جاگیردارانہ ، وڈیرانہ اور سردارانہ نظام کا خاتمہ چاہتی ہے اور ملک بھر کے پڑھے لکھے، غریب ومتوسط طبقے کے ہاتھوں میں ملک وقوم کی تقدیر دینا چاہتی ہے اوران کی اقتدار میں شراکت کو یقینی بنا کر ترقی وخوشحالی کی نئی راہیں کھولنا چاہتی ہے ۔ رابطہ کمیٹی کے اراکین نے کہا کہ نام نہاد سیاسی و مذہبی جماعتوں کی جانب سے کراچی میں قومیت کے نام پر آپس میں فسادات کرانے کیلئے جو سازشیں کی جاتی ہیں اور نعرے لگائے جاتے ہیں وہ آج اس پنڈال میں مختلف قومیتوں سے تعلق رکھنے والے ایم کیوایم کے کارکنان کے اجلاس کو دیکھ لیں اور اندازہ کرلیں کہ ان کی سازشیں کتنی کھوکھلی ہیں اور وہ کبھی بھی ان سازشوں میں میں کامیاب نہیں ہوسکتے اور روہ گھناؤنی سازشوں میں کبھی کامیاب نہیں ہوسکتے ۔ سندھ دھرتی کے مستقل باشندوں کو آپس میں دست وگریباں کرکے اپنے مذموم عزائم کی تکمیل نہیں کرسکتے ۔ رابطہ کمیٹی کے اراکین نے کارکنان پر زور دیا کہ وہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکرو فلسفہ اور نظریئے کے فروغ کیلئے گھر گھر جائیں اورحق پرستی کے پیغام کو ملک کے چپے چپے میں پھیلانے کیلئے اپنا بھرپور اورعملی کردار ادا کریں ۔ بعدازاں متحدہ آرگنائزنگ کمیٹی کی نو منتخب ارکان کے ناموں کا اعلان کیا گیا جس میں انچارج شکیل عباسی ، جوائنٹ انچارج اظہار الدین ، دیگر ارکان مرزا اعجاز بیگ ، شیر ولی آفریدی ، فیض الرحمان آقازئی ، جمالی آفریدی ، محمد فضیل اسلم رانا ، آصف بٹ ، خالد محمود اعوان ، محمد بخش نادر دستی ، سیّد بادشاہ خان ، ایوب خان درانی ، محمد موسیٰ ، ڈاکٹر شیر علی ، کامران خان شامل ہیں ۔

## ایم کیوایم فیصل آباد زون کے زونل انچارج واراکین نے زیادتی کے بعد قتل کئے جانے والے معصوم بچے کی رہائشگاہ جاکر سوگواران سے ملاقات کی اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے تعزیتی پیغام پہنچایا

فیصل آباد۔۔۔3، جنوری 2011ء

قائد تحریک جناب الطاف حسین کی ہدایت پر متحدہ قومی موومنٹ فیصل آباد زون کے زونل انچارج منور حفیظ شاہد اوراراکین نے گزشتہ روز فیصل آباد میں زیادتی کے بعد بیدردی سے قتل کئے جانے والے ساڑھے چار سالہ معصوم بچے کی رہائشگاہ جاکر سوگواران سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کیا اور مقتول کے والد طالب حسین کو قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے تعزیتی پیغام پہنچایا اور ہر ممکن تعاون کا یقین دلایا ۔ ملاقات میں ایم کیوایم فیصل آباد زون کے زونل انچارج واراکین نے مقتول بچے کے سوگوار لواحقین کو قائد تحریک جناب الطاف حسین کا پیغام پہنچایا اوران سے واقعہ پر دلی افسوس کا اظہار کرتے ہوئے واقعہ کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی اور حکومت پنجاب سے مطالبہ کیا کہ بچے کو زیادتی کرنے والے مجرموں کو گرفتار کرکے قرار واقعی سزا دے ۔ اس موقع پر انہوں نے سوگوار لواحقین کو دلاسہ دیا ، انہیں صبر کی تلقین کی اور معصوم بچے کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی بھی کی ۔

## ایم کیوایم اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کی رکن محترمہ زاہدہ بیگم اورایم کیوایم میڈیکل ایڈکمیٹی کے جوائنٹ انچارج منورحسین کی والدہ محترمہ انتقال کرگئیں، رابطہ کمیٹی کا اظہارتعزیت

## نمازجنازہ اورتدفین میں حق پرست صوبائی وزیراورحق پرست ارکان سندھ اسمبلی اورکارکنان کی شرکت

کراچی۔۔۔3،جنوری2011ء

متحدہ قومی موومنٹ اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کی رکن محترمہ زاہدہ بیگم کی والدہ محترمہ قمرالنساءاورایم کیوایم میڈیکل ایڈکمیٹی کے جوائنٹ انچارج منورحسین کی والدہ محترمہ حدیثاً بیگم علالت کے باعث انتقال کرگئیں۔قمرالنساءمرحومہ کی عمر80سال تھی اوران کے سوگواران میں 2بیٹے اور2بیٹیاں شامل ہیں جبکہ محترمہ حدیثاً بیگم کی عمر96سال تھی اورانہوں نے اپنے سوگواران میں 5بیٹے اور3بیٹیاں چھوڑیں ہیں۔محترمہ قمرالنساءمرحومہ کوکورنگی نمبر6جبکہ محترمہ حدیثاً بیگم کومحمد شاہ کے قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا۔مرحومین کی نماز جنازہ اورتدفین میں حق پرست صوبائی وزیرخالدعمر،حق پرست ارکان سندھ اسمبلی علیم الرحمان، معین عامر، عادل خان،ایم کیوایم میڈیکل ایڈکمیٹی کے اراکین،کورنگی سیکٹرکمیٹی کے ارکان، یونٹوں کے ذمہ داران، کارکنان، ہمدردوں اورمرحومین کے عزیزواقارب نے شرکت کی۔دریں اثناءمتحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے بھی ایم کیوایم اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کی رکن محترمہ زاہدہ بیگم کی والدہ محترمہ قمرالنساءاورایم کیوایم میڈیکل ایڈکمیٹی کے جوائنٹ انچارج منورحسین کی والدہ محترمہ حدیثاً بیگم کے انتقال پرگہرے دکھ اورافسوس کا ظہارکیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کااظہارکرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کواپنی جواررحمت میں اعلیٰ مقام عطافرمائے اورسوگواران کوصبرجمیل عطاکرے۔(آمین)

☆☆☆☆☆